
بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ



# سہل حج و عمرہ



سفر حج و عمرہ کو آسان بنایں اور قدم بہ قدم رہنمائ پا یں

وَأَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلَّهِ ط (سورة البقرة – الآية 196)

ترجمہ: اور اللہ ہی کی رضا کے لئے حج اور عمرہ پورا کرو. ( سورة البقرة – الآية 196)

لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ ۞ لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ ۞ إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ ۞ لَا شَرِيْكَ لَكَ ۞

ترجمہ: میں حاضر ہوں، اے اللہ، میں حاضر ہوں، حاضر ہوں، تیرا کوئی شریک نہیں، میں حاضر ہوں، بے شک تمام تعریفیں اور نعمتیں تیرے لیے ہی ہیں اور تمام بادشاہی بھی، تیرا کوئی شریک نہیں۔

آپکی دعاؤں کا طالب: محمد علی خان – جوہر ( پونہ ، مہاراشٹرا ، انڈیا)

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

# تصدیق و تأیید

**از**

**سید محمد ظفر ندوی (سابق مشیردبئی شریعہ کورٹ)**


**الحمد لله رب العالمين والصلاة والسلام على رسوله الأمين**
**محمد بن عبدالله خاتم النبيين، عليه افضل الصلوٰت واتم التسليم اما بعد**

یہ چھوٹاسا کتابچہ بعنوان **سہل حج وعمرہ** میرے بے حد عزیز بھانجے **محمد علی خان** سلمہ نے بڑے سلیقہ سے ترتیب دیا ہے۔ میرے خیال میں ایک انوکھا انداز ہے جو عام طور پر اس موضوع پر لکھے ہوئے تمام کتابچوں سے الگ ہے۔ مذہبی معلومات کے ساتھ ساتھ سفر کی ضروری ہدایات اور بقدرِ ضرورت ضروری سامان کی تفصیل نے چار چاند لگادیے ہیں۔

یہ بات یاد رہے کہ عموماً احادیث میں حج وعمرہ کے مختلف اعمال کے لئے کوئی مخصوص دعا نہیں ملتی ہے سوائے تلبیہ وغیرہ کے۔ مگر ہندوستان وغیرہ کے مسلمانوں کے عام مزاج کے لحاظ سے حج وعمرہ کے تمام کتابچوں میں ہر عمل کی مناسبت سے دعائیں پڑھی جاتی ہیں۔ اس لئے عزیزی محمد علی خان نے بھی اس کا لحاظ رکھا ہے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس کتابچہ کو قبول فرمائے اور مرتب کو دنیا و آخرت کی تمام نعمتوں سے نوازے اور تمام حجاج اور عمرہ کرنے والے مسلمانوں کو اس سے فائدہ اُٹھانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین.

طالب دعا



**سید محمد ظفر ندوی**

21/ جمادی الثانی 1445ھ

3/ جنوری 2024ء

## فہرست مضامین

چیک لسٹ - حج/عمرہ سامان 🧳 ........................................ 6
💡حاجی لوگوں کے لئے مفید تجاویز: ........................................ 7
عمرہ کیسے ادا کریں:........................................ 8
عمرہ ایک نظر میں: ........................................ 8
تلبیہ! حاجی اور عمرہ کرنے والے کہیں: ........................................ 9
**حالتِ احرام میں ممنوعہ چیزیں:** ........................................ 9
🕋کعبہ شریف پر پہلی نظر: ........................................ 9
طواف کا طریقہ: ........................................ 10
**دورانِ طواف رمل (جلدی جلدی چلنا):** ........................................ 11
**طواف کے دوران کی دعا:** ........................................ 11
**رکن یمانی سے حجر اسود تک کی دعا:** ........................................ 11
وہیل چیئر پر طواف:........................................ 12
آب زمزم پینے کے آداب 🚰 ........................................ 12
سعی: ........................................ 13
سعی کی نیت:........................................ 13
**حلق یا قصر (سر کے بال منڈوانا یا تراشنا):** ........................................ 15
رمضان المبارک میں عمرہ:........................................ 16
**دعاوں کے قبول ہونے کے مقامات:** ........................................ 16
**مکہ مکرمہ میں زیارت/مقامات:**........................................ 16
روضہ اطہر پر ادب و احترام کے ساتھ درود و سلام پڑھیں : ...... 17

مدینہ منورہ میں زیارت/مقامات: ........ 17

﴿ حج ﴾ ........ 18

حج کیسے کریں: ........ 18

حج کی نیّت: ........ 18

تلبیہ یہ ھے: ........ 18

حج ایک نظر میں: ........ 19

حج کے پانچ دن: ........ 19

حج کا پھلا دن: ........ 20

تکبیر التشریق: ........ 20

حج کا دوسرا دن: ........ 21

عرفات کے دن کے اذکار: ........ 21

مُزْدَلِفَة میں: ........ 22

حج کا تیسرا دن: ........ 24

شیطان کو کنکریاں مارنے کا طریقه: ........ 25

۱۱, ۱۲, ۱۳ ذی الحجه کو کنکریاں مارنے کے اوقات: ........ 25

حلق یا قصر: ........ 25

طواف زیارت: ........ 25

سعی: ........ 26

حج کا چوتھا دن: ........ 26

حج کا پانچواں دن: ........ 27

طواف وداع کا طریقه: ........ 27

## چیک لسٹ ۔ حج/عمرہ سامان

## وَتَزَوَّدُوْا فَإِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰىۘ - سورہ البقرہ آیت :197

اور سفر کا سامان (اپنے ساتھ) لے جایا کرو، لیکن بہترین سامان تقویٰ ہے۔ سورہ البقرہ آیت :197

یہاں ان چیزوں کے بارے میں کچھ تجاویز ہیں جو آپ اپنے حج / عمرہ کے سفر میں اپنے ساتھ لے جا سکتے ہیں ۔

چیک لسٹ - حج/عمرہ سامان

| مقدار | آئٹم | مقدار | آئٹم |
|---|---|---|---|
| **2** | **احرام کی پٹی** | **2** | **احرام سیٹ** |
| 2 | آنکھوں کے لیے اندھا تہہ | 4 | کپڑے |
| 1 | یونیورسل اڈاپٹر | 2 | ٹریک پتلون |
| 1 | فون چارجر | 4 | بنیان |
| 3 | چشمہ سیٹ | 4 | شارٹس |
| 1 | ٹشو پیپر باکس | 4 | رومال |
| 1 | چیوڑے کا پیکٹ | 2 | چپل |
| 1 | کوکیز/بسکٹ | 2 | بستر کی چادریں |
| 1 | شیمپو | 2 | شال |
| 1 پیکٹ | کان کی کلیاں | 2 | غسل کا صابن |
| 1 | الارم گھڑی | 2 | تولیه |
| 2 | چٹائی | 1 | دانتوں کا پیسٹ |
| 1 | ہوائی سفر کے لیے گردن تکیه | 2 | دانتوں کا برش |
| | **کتابیں** | 2 | مسواک |
| 30 | پارے سیٹ | 4 | تالا |
| 2 | حج چارٹ | 2 | مارکر قلم |
| 2 | قلم اور نوٹ بک | 2 | نایلون کی رسی |
| 1 | ٹوپی | 1 | ناخن کاٹنے والا |
| 2 | سفر مسله | 1 | روئی کی رسی |
| 2 | پانی کی بوتلیں | 1 | آئینه |
| 2 | **بو کے بغیر صابن** | 1 | بالوں کا برش |
| 2 | کپڑے دھونے کا صابن | | **دستاویزات** |
| 2 | پتھر کا بیگ | 2 | آدھار کارڈ |
| 2 | چپل بیگ | 2 | ویزا کاپی |
| | **دوائیاں** | 2 | ٹکٹ کی کاپی |
| | ڈاکٹر کا نسخہ | 2 | پاسپورٹ کاپی |
| 2 | ہینڈ بیگ | 6 | تصاویر |
| 2 | 7 موتی کی تسبیح | 2 | تسبیح |

## حاجیوں کے لئے مفید تجاویز:

1. اپنے سامان کے ہر بیگ پر اپنا نام ،پتہ ,فون نمبر , پاسپورٹ نمبر واضح طور پر لکھ دیں ۔
2. سفر کے وقت ائیر پورٹ میں اپنا احرام اپنے ہینڈ بیگ میں رکھیں ، لیچ بیگ میں نہ رکھیں ۔
3. ہوٹل یا روم سے نکلتے وقت ہوٹل کا وزیٹنگ کارڈ ضرور لیں ۔
4. عمرہ شروع کرنے سے پہلے حرم میں کوئی ایک جگہ ملنے کی طۓ کر لیں.
5. حرم میں داخل ہوتے وقت گیٹ نمبر ضرور یاد رکھیں اور اُسی گیٹ نمبر سے واپس باہر نکلیں ۔
6. روم یا ہوٹل سے نکلتے وقت اپنی ضروریات ,وضو وغیرہ سے فارغ ہو کر نکلنے کی کوشش کریں۔
7. مسجد نبوی ﷺ میں چالیس نمازیں پڑھنے کی بہت فضیلت ہے اس کا اہتمام کریں۔
8. مدینہ منورہ میں ,روزانہ فجر کی نماز کے بعد مسجد قبا جانے کی کوشش کریں، اگر ہم فجر کی نماز کے بعد مسجد قبا میں دو رکعت نماز پڑھیں تو ہمیں مقبول عمرہ کی سعادت حاصل ہوتی ہے۔
9. برائے کرم مسجد نبوی ﷺ میں ریاض الجنۃ میں عبادت میں زیادہ وقت گزاریں، یہ جنت کا ایک باغ ہے۔
10. نماز جمعہ کے لیے صبح جلدی مسجد الحرام جانے کی کوشش کریں۔
11. موبائل وغیرہ گم ہو جاتے ہیں، چار جنگ ختم ہو جاتی ہے، یا اپنے ساتھی سے گم ہو جاتے ہیں ، اس لیے انڈیا اور سعودی کے ضروری فون نمبر ڈا یری میں ضرور لکھیں اور اپنے ساتھ ضرور رکھیں –
12. جمرات ، عرفات ، اور طواف زیارت سے واپسی پر اپنا خیمہ ڈھونا مشکل ہو جاتا ہے اس لئے ڈا یری میں منی کے ستون اور خیموں کے نمبر ضرور لکھ لیں۔
13. نسک ایپ (Nusuk app) موبائل میں استمال کریں حرمین شریفین میں اپائنٹمنٹ کے لئے۔

**iPhone users**: https://apps.apple.com/sa/app/eatmarna/id1532669630

**Android users:** https://play.google.com/store/apps/details?id=com.sejel.eatamrna&hl=en&gl=US

# عمرہ

## عمرہ کیسے ادا کریں:

### عمرہ ایک نظر میں:

| عمرہ کے فرض : | عمرہ کے واجب : |
|---|---|
| احرام باندھنا (نیت کرنا اور تلبیہ پڑھنا) | سعی کرنا |
| طواف کرنا | حلق یا قصر (سر کے بال منڈوانا یا تراشنا) |

عمرہ شروع ← احرام باندھنا , نیت کرنا , تلبیہ پڑھنا ← طواف کرنا ← سعی کرنا ← حلق یا قصر کرنا ← عمرہ مکمل

غسل کر لیں ، احرام باندھ لیں اور دو رکعت نفل نماز ادا کریں, عمرہ کی نیّت کر کے تلبیہ پڑھنا شروع کریں۔

اہل مکہ عمرہ کا احرام مسجد عائشہ تنعیم سے باندھیں گے یا کسی دوسری میقات سے ۔

اور جو لوگ اپنے وطن سے پہلے مکّہ جا رہے ہوں وہ جہاز میں سوار ہونے سے پہلے احرام پہنیں گے۔

جہاز میں سوار ہونے کے بعد اور میقات آنے سے پہلے آپ کو جہاز میں عمرہ کی نیت کرنی ہے۔

### عمرہ کی نیت:

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أُرِيْدُ الْعُمْرَةَ فَيَسِّرْهَا لِيْ وَتَقَبَّلْهَا مِنِّيْ

ترجمہ :اے اللہ میں عمرہ کا ارادہ کرتا ہوں تو اسے میرے لیے آسان فرما اور مجھ سے قبول فرما۔"

### تلبیہ! حاجی اور عمرہ کرنے والے کہیں:

لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ ۝ لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ ۝ إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ ۝ لَا شَرِيْكَ لَكَ ۝

ترجمہ: میں حاضر ہوں، اے اللہ، میں حاضر ہوں، حاضر ہوں، تیرا کوئی شریک نہیں، میں حاضر ہوں، بے شک تمام تعریفیں اور نعمتیں "تیرے لیے ہی ہیں اور تمام بادشاہی بھی، تیرا کوئی شریک نہیں۔"

## حالتِ احرام میں ممنوعہ چیزیں:

حالتِ احرام میں پابندیاں عاید ہوتی ہیں-

بال کاٹنا، ناخن تراشنا - خوشبوؤں کا استعمال کرنا - مرد کے لیئے سر ڈھانکنا، سلے ہوئے کپڑے پہننا جائز نہیں ہیں -
جویں، مچّھر اور مکّھی مارنا -بالوں میں کنگھی کرنا-

## کعبہ شریف پر پہلی نظر:

کعبہ شریف پر پہلی نظر پڑے تو یہ کہیں:

اَللّٰہُ أَكْبَرُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا اللّٰهُ (۳ مرتبہ پڑھیں)

### پڑی جب کعبہ پر پہلی نظر، کیا چیز ہے یہ دنیا بھول گئے


جب کعبہ شریف پر پہلی نظر پڑی تو تم بہت سی دعایں مانگو. خاص طورپر امّت کے حق میں اور آپکے اس خاکسار کی صحت کے لئے. اے اللہ، میں جب جب، جہاں جہاں، جن جن لوگوں کے حق میں دعا مانگوں' تو انکے جائز مقاصد کو پورا فرما. -اللہ میرے سارے رشتہ داروں' دوستوں' عزیز و اقارب کو حج و عمرہ کی سعادت نصیب فرما-

اے اللہ، مجھے مستجاب دعا بنادے، آمین-

بیت اللہ میں داخل ہونے کے بعد ، جب آپ حجراسود تک پہنچ جایئں تو لبیک پڑھنا بند کردیں -

مرد اپنے دائیں کندھے کو کھلا رکھیں - اور اس طرح کے سیدھے ہاتھ کے بغل میں احرام کا کپڑا بایں ہاتھ کے کندھے پر ڈالیں .اس کو اضطباع کہتے ہیں -

# طواف کا طریقہ:




**طواف کی نیت:**

اَللّٰھُمَّ إِنِّيْ أُرِیْدُ طَوَافَ بَیْتِكَ الْحَرَامِ فَیَسِّرْہُ لِيْ وَتَقَبَّلْہُ مِنِّيْ

ترجمہ :اے اللہ، میں تیرے مقدس گھر کا طواف کرنا چاہتا ہوں، تو اسے میرے لیے آسان فرما اور مجھ سے قبول فرما-"

حاجی اور معتمر اپنے طواف کا آغاز اس کونے سے کریں جہاں حجرِ اسود ہے ، اور وہاں اوپر کی منزلوں پر سبز رنگ کا نشان بنا ہوا ہے-

حاجی اور معتمرکو حجرِ اسود کے پاس پہنچ کر ہر چکر میں تکبیر ( بِسْمِ اللهِ اللّٰہُ اَکْبَرُ ° وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ) کہنا چاہیے.

تکبیر کہتے ہوئے اپنے ہاتھ سے حجرِ اسود کی طرف اشارہ کریں ، پھر اس طرح طواف شروع کریں ، کہ کعبہ آپ کی بائیں جانب ہو- ( گھڑی کے الٹ چکر کاٹیں گے )

## دورانِ طواف رمل (جلدی جلدی چلنا):

مردوں کے لیے یہ سنت ہے ، کہ دورانِ طواف پہلے تین چکر چھوٹے چھوٹے قدم سے ڈورنے کے انداز میں چلیں ، اور باقی چار چکر آرام سے معمول کے مطابق چلیں ، یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے ۔

حجِر اسود کو چومنا سنت ہے ، مگر حج اور رمضان المبارک کے دنوں میں زیادہ رش کی وجہ سے چومنا مشکل ہوجاتا ہے۔

اسلئے اگر حجر اسود کو چومنا مشکل ہو تو ہر چکر کے حجر اسود کی سیدھ میں پہونچ کر دایئں ہاتھ کی انگلیوں کو اس طرف اشارہ کریں اور ان انگلیوں کو چوم لیں ۔ اس "**عمل کو استلام**" کہتے ہیں.

الحاج گریہ زاری کے ساتھ دعائیں اور اذکار پڑھتے ہوئے طواف مکمل کریں ۔

حجِر اسود سے طواف شروع ہو کر دوبارہ حجِر اسود پر پہنچ کر ایک چکر شمار ہوگا باقی چکر حجِر اسود کی جانب ہاتھ کے اشارے سے (بِسْمِ اللہِ اللہُ اَکْبَرُ ؕ وَلِلَّہِ الحَمْدُ) کہہ کر مکمل کریں۔

سات چکر ایسے ہی مکمل کریں.


## طواف کے دوران کی دعا:

سُبْحَانَ اللَّهِ وَالْحَمْدُ لِلَّهِ وَلاَ إِلَهَ إِلاَّ اللَّهُ وَاللَّهُ أَكْبَرُ وَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ○

## رکن یمانی سے حجر اسود تک کی دعا:

رَبَّنَاۤ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ط وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ مَعَ الْأَبْرَارِ ط يَا عَزِيزُ يَاغَفَّارُ ، يَا رَبَّ الْعَلَمِيْنَ ○

**طواف مکمل کرنے کے بعد دو رکعت نماز:**



## وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ إِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى -

( سورة البقرة – الآية 125)

ترجمہ : اور ابراہیم کے کھڑے رہنے کی جگہ کو نماز کا مقام بناو۔

**طواف مکمل کرنے کے بعد دو رکعت نماز پڑھنا سنت موکدہ ہے۔**

- اگر ممکن ہو تو یہ دو رکعت مقامِ ابراہیم علیہ السلام کے پیچھے ادا کریں، یعنی کعبہ اور آپ کے درمیان مقامِ ابراہیم ہو ، ضروری نہیں کہ اس کے سامنے ہی ہوں، دور بھی پڑھ سکتے ہیں، اگر ممکن نہ ہو تو حرم میں کسی بھی جگہ پڑھ سکتے ہیں .

## وہیل چیئر پر طواف:



طواف اور سعی کیلئے الیکٹرانک وہیل چیئر استمال کر سکتے ہیں ۔ یا پھر وہیل چیئر چلانے والے لوگ ، جو حجاج کرام اور معتمرین کو أجرت پر طواف اور سعی کرواتے ہیں ۔ ان کی خدمات حاصل کرسکتے ہیں.

## آب زمزم پینے کے آداب

- حجاج کو چاہیے کہ زیادہ سے زیادہ زمزم پیئیں، اور خاص طور جب طواف پورا ہو جائے سعی کرنے سے پہلے۔
- کھڑے ہو کر بسم اللہ پڑھیں اور زم زم کا پانی تین سانسوں میں پی لیں۔
- اگر ممکن ہو تو قبلہ رخ ہو کر زمزم پی لیں۔
- زم زم کا پانی پیتے وقت اس میں سے کچھ سر پر ڈالیں۔
- زم زم پینے سے پہلے دعا کریں
- زم زم کا پانی پیتے وقت یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ عِلْمًا نَافِعًاوَّ رِزْقًا وَّاسِعًا وَّشِفَآءً مِّنْ كُلِّ دَآءٍ۝

ترجمہ : اے اللہ میں تجھ سے نفع بخش علم، رزق میں کشادگی اور ہر بیماری سے شفا مانگتا ہوں۔

- زم زم کا پانی پینے کے بعد الحمدللہ کہیں۔

## سعی:

آپ مسجد الحرام سے صفا پر پہنچ جایئں اور کعبہ کی طرف منہ کرکے سعی کی نیت کریں۔

### سعی کی نیت:


اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أُرِيدُ السَّعْيَ بَيْنَ الصَّفَا وَ الْمَرْوَةَ سَبْعَةَ أَشْوَاطٍ لِّوَجْهِكَ الْكَرِيمِ فَيَسِّرْهُ لِيْ وَتَقَبَّلْهُ مِنِّي

ترجمہ : اے اللہ میں تیری رضا و خوشنودی کے لئے صفا والمروۃ کے درمیان سعی کے سات چکر کرنے کا ارادہ کرتا ہوں تو اسے میرے لئے آسان فرما اور قبول فرما۔

## صفا پر چڑھنے کی دعا:

بِسْمِ اللّٰهِ أَبْدَأُ بِمَا بَدَأَ اللّٰهُ بِهِ إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِن شَعَائِرِاللّٰهِ۝

ترجمہ : میں اسی سے شروع کرتا ہوں جس کا ذکر اللہ نے فرمایا ہے ۔بے شک صفا اور المروۃ اللہ تعالٰی کی نشانیوں میں سے ہیں۔




## سعی کھاں سے شروع کریں؟

سعی صفا سے شروع کریں گے المروۃ تک جاتے ہوئے جب آپ المروۃ پہنچ گئے، تو آپ کا ایک چکر مکمل ہوا، جب آپ المروۃ سے صفا پہنچیں گے، تو دو چکر مکمل ہو جاتے ہیں، اور اسی طرح سات چکر مکمل کریں گے، اختتام المروۃ پہ ہوگا۔

| چکّر نمبر | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | (سعی شروع) صفا | → | المروة |
| 2 | المروة | → | صفا |
| 3 | صفا | → | المروة |
| 4 | المروة | → | صفا |
| 5 | صفا | → | المروة |
| 6 | المروة | → | صفا |
| 7 | صفا | → | المروة (سعی ختم) |

### سعی کی دعا پڑھیں:

لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللّهُ وَحْدَهُ لاَ شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِي وَيُمِيتُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللّهُ وَحْدَهُ ، أَنْجَزَ وَعْدَهُ وَ نَصَرَعَبْدَهُ ، وَهَزَمَ الأَحْزَابَ وَحْدَهُ ۝

ترجمہ : اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں نہ ہی اس کا کوئی شریک ہے ۔ حکومت صرف اس کی ہے اور اسی کی تعریف ہوتی ہے۔ وہی زندگی دیتا ہے اور موت بھی۔ اور وہی ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے ۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اس نے اپنا وعدہ پورا کر دکھایا اور اپنے بندہ (حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم) کی مدد کی اور کافروں کے تمام گرہوں کو اکیلے اللہ نے شکست دی.

جب آپ صفا کے مقام سے سعی شروع کریں گے، تو سب سے پہلے قبلہ رخ ہو کر ہاتھ اٹھا کر دعا اور تکبیر کہیں، پھر سعی شروع کریں، پھر جب صفا سے المروۃ پہ پہنچیں تو دعا کریں ۔

## سبز لائٹس (دو سبز نشان):

سبز لائٹس کے درمیان پڑھنے کی دعا:

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَتَجَاوَزْ عَمَّا تَعْلَمُ إِنَّكَ أَنْتَ الْأَعَزُّ الْأَكْرَمُ ○

صفا اور المروۃ کے درمیان سبز لائٹس (دو سبز نشانوں) کے مقام پہ پہنچ کر (صرف) مرد حضرات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع کرتے ہوئے تیز تیز چلیں، ڈورنے کے انداز میں ---

## حلق یا قصر (سر کے بال منڈوانا یا تراشنا):

طواف اور سعی مکمل کرنے کے بعد بال منڈوائیں۔

حجاج کرام اور معتمرین کے سر کا بال منڈوانا افضل ہے، یا پورے سر کے بالوں کو تراشیں یہ بھی جائز ہے ۔

خواتین اپنے بالوں کو صرف تراشیں گی۔

عورتیں سر کے بالوں کو جمع کر کے انگلی کے ایک پور یا ایک انچ کے برابر کاٹیں گی، ان کے بالوں کو منڈوانا جائز نہیں ہے

.

## رمضان المبارک میں عمرہ :

رمضان المبارک میں عمرہ کرنے کی خاص فضیلت ہے ۔ رمضان المبارک میں کوشش کریں کے افطار حرم شریف میں ہو , تاکہ مغرب کی نماز با جماعت ملے - تراویح کے بعد قیام اللیل (یعنی تہجدّ) کی نماز ہوتی ہے ، اسکا بھی اہتمام کریں-

رمضان المبارک میں عمرہ کرنے کا ثواب:

**قَالَ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ فَإِنَّ عُمْرَةً فِي رَمَضَانَ تَقْضِي حَجَّةً أَوْ حَجَّةً مَعِي–**

**(صحيح بخاری ١٨٦٣)**

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ، رمضان المبارک میں عمرہ کرنے کا ثواب میرے ساتھ حج کرنے کے برابر ہے ۔( صحیح بخاری ١٨٦٣)

### دعاوں کے قبول ہونے کے مقامات:

(1)مقدس کعبہ کے اندر (2)مقدس کعبہ پر پہلی نظر میں (3) میزاب رحمت (کعبہ کی چھت پر پائپ لائن)(4) حطیم (کعبہ کے بالکل باہر دائرہ نما جگہ)(5) رکن یمانی(6) صفا (7) المروۃ (8)ملتزم (مقدس کعبہ کا دروازہ) (9) مقام ابراہیم(10) مطاف (11)زم زم کے کنویں کے قریب (12)عرفات(13) مزدلفہ میں خاص طور سے .... مشعر حرام میں (14) منیٰ (15)سعی کے مقام پر (خاص طور پر میلین اخضرین میں (سبز ہلکے کالم))(16) جمرات کے قریب (17)جبل نور (18)جبل ثور

### مکہ مکرمہ میں زیارت/مقامات:

(1)مسجد الحرام (2) مسجد عائشہ (3) غار حرا (4) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جائے پیدائش (5)جبل نور (6) جبل رحمہ ،(7) عرفات (8)جبل ثور (9)مسجد نمرہ (10)جمرات کے ستون(11) **جنت اَلْمَعْلَا** (12) مسجد حدیبیہ

(13) کِسوٰی فیکٹری اور مکہ میوزیم(14) منیٰ (15)مزدلفہ (16)مسجد مشعر الحرام (17) مکہ المکرمہ لائبریری (18) مسجد الخیف (منیٰ)

## روضہ اطہر پر ادب و احترام کے ساتھ درود و سلام پڑھیں :

مسجد نبوی علی صحابہ الصلاۃ والسلام کے باب السلام سے داخل ہو، اور سکون اور احترام کے ساتھ چلے، اور اگر وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے روضہ مبارک کے سامنے پہنچ جایں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سلام کرے اور کہے

اَلصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُولَ اللّٰہِ

اَلصَّلَاۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ

اَلصَّلَاۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدَ الْمُرْسَلِیْنَ

اَلصَّلَاۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَحْمَۃً لِّلْعَالَمِیْنَ

اَلصَّلَاۃُ وَاَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا خَاتَمَ النَّبِیِّیْنَ

اَلصَّلَاۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَاأَیُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُهُ-

## مدینہ منورہ میں زیارت/مقامات:

(1)**مسجد نبوی علی صحابہ الصلاۃ والسلام** الصفہ (3)ریاض الجنہ (4)**مسجد نبوی علی صحابہ الصلاۃ والسلام**– ستون (5) احد پہاڑ(6) دار المدینہ میوزیم(7) مسجد قبلتین (8)مسجد قبا (9) جنت البقیع (10)بیر روحا

# عمرہ مکمل ہوا مبارک

# آپکی دعاؤں کا طالب:- محمد علی خان-جوھر

# ﴿ حج ﴾

حج اسلام کے پانچ ستون میں سے ایک ہے, قرآن میں حج کا ذکر بہت سی آیات میں آیا ہے ۔

وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلاً (آل عمران: ٩٧)

ترجمہ: اور جو لوگ اس تک پہنچنے کی طاقت رکھتے ہیں ان پر اللہ کے لئے
اس کے گھر کا حج کرنا فرض ہے (آل عمران: 97)

## حج کیسے کریں:

غسل کر لیں ، احرام باندھ لیں اور دو رکعت نماز پڑھیں ۔ حج کی نیّت کر کے تلبیہ پڑھنا شروع کریں۔ احرام کی پابندیاں شروع ہوگئیں۔

## حج کی نیّت:

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أُرِيدُ الْحَجَّ فَيَسِّرْهُ لِي وَتَقَبَّلْهُ مِنِّي۝

ترجمہ: اے اللہ میں حج کا ارادہ کرتا ہوں / کرتی ہوں ، تو میرے لئے آسان فرما اور میری جانب سے قبول فرما۔

## تلبیہ یہ ھے:

لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ ۝ لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ ۝ إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ ۝ لَا شَرِيْكَ لَكَ ۝

ترجمہ : میں حاضر ہوں، اے اللہ، میں حاضر ہوں، حاضر ہوں، تیرا کوئی شریک نہیں، میں حاضر ہوں، بے شک تمام تعریفیں اور نعمتیں تیرے لیے ہی ہیں اور تمام بادشاہی بھی، تیرا کوئی شریک نہیں۔

## حج ایک نظر میں:

| حج کے فرائض : | حج کے واجبات: |
|---|---|
| احرام باندھنا (حج کی نیّت کرنا اور تلبیہ پڑھنا) | مزدلفہ میں وقوف کرنا |
| وقوف عرفہ | صفا و المروۃ کی سعی کرنا |
| طواف زیارت | رمی کرنا |
| | قربانی کرنا |
| | حلق یا قصر (سر کے بال منڈوانا یا تراشنا ) |
| | طواف وداع کرنا |

## حج کے پانچ دن:

# حج کاپہلادن:

حج کا پہلا دن

8 ذی الحجہ

## منی کو روانگی

احرام باندھ کر مکہ سے منی کو روانگی

منی میں آج

ظہر کی نماز


عصر کی نماز

مغرب کی نماز

نماز عشاء پڑھنی ہے۔

رات منی میں ہی رکنا ہے۔

فجر کی نماز منی میں ادا کر کے عرفات کو روانگی۔



**منیٰ کے خیمے**

وَاذْكُرُوا اللَّهَ فِي أَيَّامٍ مَّعْدُودَاتٍ ۚ

اللہ تعالی کا حکم ہے :" اور (قیام منی کے) دنوں میں (جو) گنتی کے (چند دن ہی ہیں) خدا کو یاد کرو" -

(سورہ بقرہ -۲۰۳)

# تکبیرِتشریق:

**اللّٰہُ أَكْبَرُ اللّٰہُ أَكْبَرُ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ أَكْبَرُ اللّٰہُ أَكْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْد**


9 ذوالحجہ کی فجر کی نماز کے بعد سے 13 ذی الحجہ کی عصر کی نماز تک، ہر فرض نماز کے بعد **تکبیرِ تشریق** پڑھے۔

## حج کادوسرادن:

حج کا دوسرا دن
9 ذی الحجہ

### عرفات میں آج

- منیٰ سے عرفات میں آمد
- عرفات میں آج قیام
- ظہر کی نماز
- عصر کی نماز
- خوب دعائیں اور ذکر اذکار کریں.
- مغرب کا وقت ہونے پر بھی.بنا مغرب پڑھے عرفات سے مزدلفہ کی طرف روانگی .



**bbÿÿ bbÿ** جو میدان عرفات میں واقع ہے-

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "حج عرفات میں ٹھہرنے کا نام ہے". ( جامع ترمذی، حدیث ۸۸۹)

✓ **عرفہ کادن حج کارکن اعظم ھے.** اس لئے اُس دن خوب عبادت کریں.

## عرفات کے دن کے اذکار:

لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْك إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ

لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللَّهُ وَحْدَهُ لاَ شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْد

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

لَّآ إِلَٰهَ إِلَّآ أَنتَ سُبْحَٰنَكَ إِنِّي كُنتُ مِنَ ٱلظَّٰلِمِينَ ۝

اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ، إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ، اللّٰهُمَّ بَارِكَ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ، إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ

لَا إِلَٰهَ إِلَّا ٱللَّهُ مُحَمَّدٌ رَسُولُ ٱللَّهِ ۝

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ

حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۝ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۝ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ (يوسف : ٦٤)

رَبِّ يَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ وَتَمِّمْ بِالْخَيْرِ وَبِكَ نَسْتَعِينُ ۝

## مُزْدَلِفَة میں:

مغرب اور عشا ء کی نمازیں عشاء کے وقت میں ایک ساتھ ملا کر مزدلفہ میں پڑھنا ہے. رات مزدلفہ میں ہی گزارنا ہے، اور یہاں سے 49 یا 70 کنکریاں 3 شیطانوں کے مارنے کے لئے چن کر ساتھ رکھ لیں.

مزدلفہ کی یہ رات حاجیوں کے لئے شب قدر سے زیادہ افضل ہے۔ اللہ تعالی قرآن مجید میں فرماتا ہے:

لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَن تَبْتَغُوا فَضْلًا مِّن رَّبِّكُمْ ۚ فَإِذَا أَفَضْتُم مِّنْ عَرَفَاتٍ فَاذْكُرُوا اللَّهَ عِندَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ ۖ وَاذْكُرُوهُ كَمَا هَدَاكُمْ وَإِن كُنتُم مِّن قَبْلِهِ لَمِنَ الضَّالِّينَ ﴿١٩٨﴾

(سورۃالبقرہ آیت نمبر198)

"تم پر کوئی حرج نہیں ہے کہ تم اپنے رب کے فضل کو تلاش کرو ۔پھر جب عرفات سے چلو تو مشعرالحرام (مزدلفہ ) کے پاس ٹھہر کر اللہ کو یاد کرو اور اس طرح یاد کرو جس کی ہدایت اس نے تمہیں دی ہے۔ ورنہ اس سے پہلے تو تم لوگ بھٹکے ہوئے تھے"۔ (سورۃالبقرہ,آیت نمبر198)




مسجد اَلْمَشْعَر اَلْحَرَام جو مزدلفہ میں واقع ہے۔

## حج کا تیسرا دن:

حج کا تیسرا دن
10 ذی الحجہ

مزدلفہ میں فجر کی نماز کے بعد منیٰ کے لئےروانگی


### منیٰ میں آج

- رمی کرنا
- قربانی کرنا
- حلق یا قصر (سر کے بال منڈوانا یا تراشنا)
- طواف زیارت

### منی میں آج:

- صبح سے صرف بڑے شیطان کو 7 کنکریاں مارنا ہے۔
- پھر قربانی کرنا ہے
- پھر سر کے بال منڈوانا یا کتروانا ہے۔
- پھر مکہ مکرمہ جاکر طواف زیارت کر کے منی واپس آنا ہے۔
- رات منی میں ہی رکنا ہے۔





جمرة عقبه یعنی بڑا شیطان


## شیطان کو کنکریاں مارنے کا طریقہ:

جمرات , یہاں پہنچ کر تلبیہ ختم کر دیں اور انگوٹھے اور اسکے ساتھ والی انگلی (شہادت کی انگلی ) میں کنکری پکڑلیں۔اور بِسْمِ اللهِ اَكْبَرْ, رَغْمًا لِلشَّيْطَانِ, وَرِضًى لِلرَّحْمَانِ ﴿﴾ کہہ کر کنکری ماریں۔

## ۱۱, ۱۲, ۱۳ ذی الحجہ کو کنکریاں مارنے کے اوقات:

11 تاریخ کو کنکریاں مارنے کا وقت زوال کے بعد سے غروب آفتاب تک ہے.

پہلے چھوٹے شیطان کو پھر درمیانی شیطان کو اور پھر بڑے شیطان کو کنکریاں مارے. ۱۲ تاریخ کو بھی تینوں جمرات کی اسی طرح رمی کریں.




## حلق یا قصر:

حلق یا قصر کی تفصیل عمرہ کے بیان میں دی گی ہے, وہاں پر ملاحظہ فرمائیں.

## طواف زیارت:

10 ذی الحجہ کو رمی اور قربانی و حلق سے فارغ ہو کر طواف زیارت کیلئے مکہ مکرمہ روانہ ہوں۔اس طواف میں احرام شرط نہیں ہے۔یہ حج کا بڑا فرض ہے۔طواف کے بعد دو رکعت نماز پڑھ لیں۔زم زم پیئں۔اور دُعا مانگیں- یہ طواف سلے ہوئے کپڑوں میں ہوگا اور اس میں رمل ہوگا اور اضطباع نہیں ہوگا۔

## سعی:

اس کے بعد **صفاوالمروۃ** کی سعی کریں۔ یہ واجب ہے۔

**سعی کی تفصیل عمرہ کے بیان میں دی گی ہے, وہاں پر ملاحظہ فرمائیں۔**


## حج کا چوتھا دن:

حج کا چوتھا دن

11 ذی الحجہ

### منیٰ میں آج

- طواف زیارت اگر کل نہیں کیا تھا تو آج کر لیں.
- آج رات منی میں ہی رکنا ہے.



### منی میں آج:

منی میں رمی کرنا زوال کے بعد سے صبح صادق تک.

پہلے چھوٹے شیطان کو 7 کنکریاں ایک کے بعد ایک مارنا اور دعا کرنا.

پھر درمیان والے شیطان کو 7 کنکریاں مارنا اور دعا کرنا.

پھر بڑے شیطان کو 7 کنکریاں مارنا اور دعا نہیں کرنا.

## حج کا پانچواں دن:

حج کا پانچواں دن
12 ذی الحجہ

### منیٰ میں آج

- طواف زیارت اگر نہ کیا ہو تو آج مغرب سے پہلے ضرور کر لیں، آپ کا حج پورا ہو گیا۔
- مغرب کے پہلے منی سے مکہ کے لئے روانہ ہو جائے.

### منی میں آج:

منی میں رمی کرنا زوال کے بعد سے صبح صادق تک.

پہلے چھوٹے شیطان کو 7 کنکریاں ایک کے بعد ایک مارنا اور دعا کرنا.

پھر درمیان والے شیطان کو 7 کنکریاں مارنا اور دعا کرنا.

پھر بڑے شیطان کو 7 کنکریاں مارنا اور دعا نہیں کرنا.

## طواف وداع کا طریقہ:

طواف وداع بھی اُسی طرح کیا جاتا ہے جیسے نفل طواف کرتے ہیں۔

طواف کے بعد سعی نہیں ہے اور نہ طواف میں رمل ہے۔

جس طرح ہو سکے اس وقت خوب روئے گڑگڑائے آہ و زاری کرے اور خوب دعائیں مانگیں۔

﴿حج مکمل هوا مبارك﴾

**آپکی دعاؤں کا طالب : محمد علی خان - جوھر**

اللہ سبحانہ و تعالی آپکا حج قبول فارمائے-آمین




# نسک ایپ گائیڈ:

مسجد نبوی میں ریاض الجنۃ میں نماز پڑھنے کے لیے نیچے دی گئی موبائل ایپ کے ذریعے بکنگ کرنی ہوگی۔

نسک ایپ استعمال کرنے کے لیے کچھ تجاویزیہ ہیں:

## ڈاؤن لوڈ اور انسٹالیشن:

ایپ اسٹور یا پلے اسٹور سے نسک ایپ ڈاؤن لوڈ کریں۔

پلے اسٹور:


https://play.google.com/store/apps/details?id=com.sejel.eatamrna

ایپ اسٹور:

https://apps.apple.com/sa/app/eatmarna/id1532669630





زبان منتخب کریں۔





**نئے صارف کے لیے رجسٹریشن:**

نیا صارف منتخب کریں یا لاگ ان کریں۔





وزیٹر ٹیب کو منتخب کریں۔




اپنا ویزا نمبر، پاسپورٹ نمبر، اور تاریخ پیدائش درج کریں۔

اپنا رابطہ نمبر درج کریں۔


مختصر فارم پُر کریں۔




ابھی رجسٹر پر
کلک کریں۔

1. آپ کو ایک تصدیقی پیغام ملے گا جس سے یہ ظاہر ہو گا کہ آپ کی رجسٹریشن کامیاب ہو گئی ہے۔

2 . اب آپ رجسٹریشن کے دوران فراہم کردہ اسناد کا استعمال کرتے ہوئے اپنے Nusuk اکاؤنٹ میں لاگ ان کر سکتے ہیں۔




## مسجد نبوی میں بکنگ:

مسجد نبوی کی خدمات کے سیکشن میں **Praying in the Noble Rawdah** کا انتخاب کریں۔

1. اپنی مطلوبہ تاریخ اور ٹائم سلاٹ منتخب کریں۔
2. ہدایات پڑھیں اور قبول کریں۔

💐 اللہ سبحانہ و تعالی آپکا حج/عمرہ قبول فارمائے-آمین 💐

{ آپکی دعاؤں کا طالب: }

محمد علی خان - جوہر